سوال

(85) پیشاب والی جگہ خشک ہونے کے بعد چھونا

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

پیشاب والی جگہ خشک ہوگئی ہو، توکیا اس کے لمس سے آدمی پلید ہوجائے گا۔ مثلاً بچے نے ایک جگہ پیشاب کیا، اور وہاں پانی نہیں بہایا گیا، اور وہ خشک ہوگیا، اور پھر اگر کوئی اس پر بیٹھ گیا اور وہ خشک ہو، توکیا اس کے کپڑے وغیرہ پلید ہوجائیں گے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاته!

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

نجاست اگر خشک ہو اور خشک بدن یا خشک کپڑے کو چھو جائے تو اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔ اسی طرح اگر کوئی شخص بیت الخلا میں گیا، جبکہ وہ خشک اور داخل ہونے والے کے پاؤں بھی خشک ہوں، تو اس میں کوئی ضرر نہیں ہے۔ نجاست تبھی مؤثر ہوتی ہے جب وہ گیلی ہو۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام و مسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

صفحہ نمبر 141

محدث فتویٰ